وادی تیراہ کو خالی کرنے کا نوٹی فکیشن واپس نہ لیا تو پوری پختون قوم کا جرگہ بلاؤں گا' مجھے ہٹانے کیلئے تین آپشن ہیں' گورنر راج لگایا جائے' مجھے نااہل کیا جائے ورنہ مجھے مار دیا جائے: سہیل آفریدی

فوج یا اداروں کے دشمن نہیں لیکن بند کمروں کے فیصلوں کو نہیں مانیں گے

وفاقی حکومت کی طرف سے جاری کردہ نوٹی فکیشن میں کہا گیا کہ تیراہ متاثرین اپنی مرضی سے نقل مکانی کر رہے ہیں' اگر یہ نوٹی فکیشن واپس نہ لیا گیا اور اس پر معافی نہ مانگی گئی تو میں آفریدی قوم کا جرگہ بلاؤں گا

اسلام آباد سے آکر پشاور میں پریس کانفرنس کی جاتی ہے کہ سہیل آفریدی کا نام منظور نہیں' کسی ادارے کو سیاست میں مداخلت نہیں کرنی چاہیے' میرے نام پر کسی ادارے کو اعتراض نہیں کرنا چاہیے

مجھے وزیراعلیٰ بننے سے روکنے کیلئے ہر حربہ استعمال کیا گیا' جب بیانیہ نہ بنا تو میرے بارے میں کہا گیا کہ یہ دہشت گردوں سے ملا ہوا ہے' گورنر راج اور مجھے مارنے کیلئے عوامی حمایت کی ضرورت ہے

خیبر پختونخوا کے عوام کا اعتماد مجھ پر ختم کرنا چاہ رہے ہیں' وادی تیراہ آپریشن کیلئے 24 رکنی کمیٹی بنائی جس نے آپریشن کیلئے کمیٹی کو ڈرایا دھمکایا گیا: وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا

پشور (نیوز ڈیسک) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے کہا ہے کہ وادی تیراہ کو خالی کرانے کیلئے کیا گیا نوٹی فکیشن واپس نہ لیا تو پوری پختون قوم کا جرگہ بلاؤں گا' مجھے ہٹانے کے لیے تین آپشن ہیں، گورنر راج لگایا جائے، باقی صفحہ آخر پیج نمبر 1

مسلم لیگ (ن) نے ہمیشہ قومی مفاد کو ذاتی و جماعتی سیاست پر ترجیح دی

ملک کو درپیش بحرانوں سے نکالنے کیلئے ذمہ دار سیاست ناگزیر ہے' راجہ ظفر الحق

رحیم یار خان (سٹاف رپورٹر) پاکستان کو باقی صفحہ آخر پیج نمبر 2

سینیٹر چوہدری محمد اقبال سینٹر قانون دان راجہ ظفر الحق سے ملاقات کر رہے ہیں۔

سوئی گیس کے بلوں نے عوام کی چیخیں نکلوا دیں

حکومت خاموش، صارفین بے بس' گیس کی بلا تعطل فراہمی سہولت نہیں بلکہ عوام کو پھنسانے کا پھندا ہے

سال بھر پورا نہ ہونیوالی گیس نومبر میں صارفین کو دونوں ہاتھوں سے لوٹنے کا ہتھیار بن گئی' بلوں کو پرزے کیا جائے' شہری

خان پور (ہاشم مہوالٹہ) سوئی گیس کے بلوں نے عوام کی چیخیں نکلوا دیں، حکومت خاموش، صارفین بے بس' گیس کی بلا تعطل فراہمی سہولت نہیں بلکہ عوام کو پھنسانے کا پھندا ہے، سال بھر پورا نہ ہونے والی گیس باقی صفحہ آخر پیج نمبر 3

Online-www.dailysaafsaaf.com Email-dailysaafsaaf@yahoo.com

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED رحیم یار خان کا کثیر الاشاعت روزنامہ

Daily SAAF SAAF Rahim Yar Khan

روزنامہ صاف صاف رحیم یار خان پاکستان

چیف ایڈیٹر حبیب اللہ ملک

ایڈیٹر: انجینئر شہریار ملک

254 رجسٹرڈ ایڈیشن 0345/0334-8676363

جلد نمبر 25 | بروز سوموار 26 جنوری 2026ء 06 شعبان 1447ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 180

حکومت کا وادی تیراہ کو خالی کرانے کی گمراہ کن خبروں کا نوٹس' دعوے بے بنیاد' دعووں کا مقصد عوام میں خوف و ہراس پھیلانا' سکیورٹی اداروں کیخلاف غلط معلومات دینا اور ذاتی و سیاسی مفادات کا حصول ہے

وادی تیراہ کو خالی کروانے کا بیان فوج کو بدنام کرنے کی سازش

وفاقی حکومت

وادی تیراہ خالی کروانے کے دعوے بے بنیاد' نیتی پرمبنی اور مخصوص مقاصد کے تحت کیے جا رہے ہیں' وفاقی حکومت یا مسلح افواج کی جانب سے وادی تیراہ کو خالی کروانے کا کوئی حکم جاری نہیں کیا جبکہ قانون نافذ کرنیوالے ادارے معمول کے مطابق صرف دہشت گرد عناصر کیخلاف انٹیلی جنس معلومات کی بنیاد پر کارروائیاں کرتے ہیں' انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز کے دوران پُرامن شہریوں کی زندگی کے متاثر نہ ہونے کا مکمل خیال رکھا جاتا ہے' کارروائیوں کیلئے کسی قسم کی آبادی کی منتقلی یا ہجرت کی نہ ضرورت ہے اور نہ ہی ایسا کچھ کیا جا رہا ہے' مقامی آبادی خود حالات میں خوارج کی موجودگی پر تشویش کا اظہار کر رہی ہے

تیراہ میں امن و استحکام چاہتی ہے' خیبر پختونخوا حکومت کے ریلیف، بحالی اور آبادکاری کے جھگے نے 26 دسمبر 2025 کو ایک نوٹی فکیشن جاری کیا ہے' اس نوٹی فکیشن کے تحت 4 ارب روپے کی رقم جاری کی گئی' یہ رقم تیراہ (باغ) کے بعض علاقوں سے ممکنہ، عارضی اور رضاکارانہ طور پر آبادی کی نقل و حرکت کے پیش نظر مختص کی گئی ہے' اس اقدام کا مقصد عسکری تیاری اور امدادی اقدامات کرنا ہے' جس میں ٹرانسپورٹ، خوراک کی فراہمی اور عارضی قیام و ہنسٹریشن مراکز کا قیام' انتظام شامل ہے' خیبر پختونخوا حکومت کی جانب سے دیا گیا ایسا بیان' جس میں اس نقل مکانی کو مسلح افواج سے جوڑا جائے' سراسر غلط' من گھڑت اور بدنیتی پر مبنی ہے: وزارت اطلاعات و نشریات

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وزارت اطلاعات و نشریات نے وادی تیراہ کو فوج کے انکشافات پر خالی کرانے کی خبروں کو بے بنیاد قرار دیتے ہوئے اس کی تردید کر دی۔

وزارت اطلاعات کی جانب سے جاری کردہ اعلامیے کے مطابق حکومت نے وادی تیراہ کو خالی کرانے کی کوئی ہدایت نہیں دی۔

خالی کرانے کی گمراہ کن خبروں کا نوٹس لیا ہے جس میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ وادی تیراہ کو فوج کے انکشافات پر خالی کروایا جا رہا ہے۔ وزارت اطلاعات و نشریات نے کہا کہ یاد رہے کہ وادی تیراہ کو خالی کروانے کا کوئی حکم جاری نہیں کیا گیا۔

وادی تیراہ خالی کروانے کے دعوے بے بنیاد، بدنیتی پر مبنی اور مخصوص مقاصد کے تحت کیے جا رہے ہیں، ان دعوں کا مقصد عوام میں خوف و ہراس پھیلانا، سکیورٹی اداروں کے خلاف غلط معلومات دینا اور ذاتی و سیاسی مفادات کا باقی صفحہ آخر پیج نمبر 4

سینئر کرٹل ڈاکوسرنڈر مگر پولیس ایم اے کی طالبہ کو بازیاب نہ کرا سکی

2 سال قبل لنڈ گینگ کے رکن ڈاکو سارلنڈ نے نومبر پاز خواتین کے ذریعے طالبہ عائشہ جاوید کو کٹری دلوانے کا جھانسہ دیکر اغوا کیا

والدہ کی عدمیت میں مقدمہ بھی 2 سال سے طالبہ بازیاب نہ ہو سکی بوڑھی ماں بیٹی کی واپسی کی آس میں جہان فانی سے کوچ کر گئی

مفقود طالبہ عائشہ جاوید

رحیم یار خان (سٹاف رپورٹر) کچھ میں پنجاب اور سندھ پولیس کا کامیاب آپریشن، سینکڑوں ڈاکوؤں کے سرنڈر ہونے کے باوجود پولیس ایم اے کی طالبہ کو بازیاب نہ کرا سکی، 2 سال قبل لنڈ گینگ کے رکن ڈاکو باقی صفحہ آخر پیج نمبر 5

ڈپٹی کمشنر: عوامی خدمت حکومت کی اولین ترجیح ہے

ڈپٹی کمشنر کا تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال صادق آباد کا دورہ' طبی سہولیات کا تفصیلی جائزہ' ہسپتال انتظامیہ کو بروقت طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کی ہدایت' ہاؤل بازار کا بھی دورہ' ترقیاتی کاموں کا معائنہ' منصوبوں کو مقررہ مدت میں مکمل کرنے کی ہدایت

رحیم یار خان (ویڈ آؤٹ) ڈپٹی کمشنر ظہیر الدین رند نے تحصیل صادق آباد کا دورہ کیا جہاں انہوں نے تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال میں مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے باقی صفحہ آخر پیج نمبر 8

ڈپٹی کمشنر ظہیر الدین رند تحصیل ہسپتال صادق آباد کا دورہ کرتے ہوئے طبی سہولیات، شہری خدمات اور ہاؤل بازار کا تفصیلی معائنہ کا جائزہ لے رہے ہیں

رحیم یار خان۔ نومنتخب ضلعی صدر قومی امن کمیٹی برائے بین المذاہب ہم آہنگی پاکستان چوہدری افضال جنار کا مبارک دینے والے ممبر پنجاب بار کونسل چوہدری اختر علی محمود بھور ایڈووکیٹ چوہدری عدنان مہاندرہ ایڈووکیٹ، رانا نوید ایڈووکیٹ دوگر کے ہمراہ گروپ فوٹو

افضال جنار ضلعی صدر قومی امن کمیٹی برائے بین المذاہب ہم آہنگی منتخب

ضلع کو امن اور بھائی چارے کا گہوارہ بنانے کیلئے اپنا شعبہ کردار ادا کرینگے: اختر چھور

رحیم یار خان (سٹاف رپورٹر) صبر و جانب بار کونسل چوہدری اختر علی محمود بھور و ایڈووکیٹ نے چوہدری عدنان مہاندرہ ایڈووکیٹ، باقی صفحہ آخر پیج نمبر 7

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی بھی بے سود مہنگائی عروج پر

ضلعی انتظامیہ پرائس کنٹرول مجسٹریٹس مارکیٹ کمیٹی حکام عوام کو ریلیف فراہم کرنے میں ناکام

رحیم یار خان (سٹاف رپورٹر) پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی بھی بے سود رحیم یار خان شہر اور گرد نواح میں مہنگائی باقی صفحہ آخر پیج نمبر 6

تھانہ آباد پولیس کا چھاپہ 336 بوتل کچی شراب برآمد

ملزمان فرار گرفتاری کے لیے چھاپے جاری، مقدمہ درج کر لیا گیا

رحیم یار خان (ویڈ آؤٹ) تھانہ آباد باقی صفحہ آخر پیج نمبر 9

رحیم یار خان: تھانہ آباد پولیس کی کارروائی میں برآمد ہونے والی سینکڑوں کچی شراب

پہلی بیوی کی اجازت کے بغیر دوسری شادی پر کارروائی ہو سکتی ہے

بغیر اجازت دوسری شادی کرنا مسلم فیملی لاز آرڈیننس کی خلاف ورزی ہے: سپریم کورٹ

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) سپریم کورٹ باقی صفحہ آخر پیج نمبر 10

ڈسٹرکٹ پریس کلب کی نومنتخب باڈی کو مبارکباد دینے کا سلسلہ جاری

ڈسٹرکٹ پولیس کلب ہمیشہ صحافت کے اعلیٰ اقدار کا امین رہا ہے: شہری حلقے

رحیم یار خان (سٹاف رپورٹر) ڈسٹرکٹ باقی صفحہ آخر پیج نمبر 11

ضلع بھر کے چرچ ہائے میں مسیحی برادری کی خصوصی عبادات

پولیس کی جانب سے سکیورٹی کے فول پروف انتظامات عمل میں لائے گئے

رحیم یار خان (ویڈ آؤٹ) پولیس سکیورٹی باقی صفحہ آخر پیج نمبر 12

رحیم یار خان: پولیس افسران و جوان چرچ چرچ پیٹرول و پیدل سکیورٹی فراہم سرانجام دیتے ہوئے

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا لاہور کے عوام کو بڑا تحفہ

25 سال بعد

76 اور 8 فروری

بسنت فیسٹیول منانے کا اعلان

ڈور، پتنگ سازوں اور فروخت کرنے والوں کیلئے رجسٹریشن لازم قرار

کیٹگری	ٹوٹل درخواستیں	نظر ثانی	منظور	خالی
فروخت کنندگان	931	276	615	41
مینوفیکچررز	583	144	405	35
تاجر	193	48	139	5
کائٹ فلائنگ ایسوسی ایشنز	15	3	8	3
ٹوٹل	1722	471	1167	78

رجسٹریشن کی معیاد 30 دسمبر 2025 سے 8 فروری 2026 تک ہوگی

عوام کو رجسٹرڈ دکانداروں سے پتنگ بازی کا سامان 1 تا 8 فروری تک خریدنے کی اجازت ہوگی

بسنت کی خوشیوں کے ساتھ تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے

پنجاب ریگولیشن آف کائٹ فلائنگ آرڈیننس 2025 کے تحت

صرف سادے چرخی پتنگ اور ڈیڑھ تا ڈھائی انچ کی اجازت پتنگ بازی میں کانٹے کے دھاگے کی ڈور کے استعمال کی اجازت

پتنگ بازی کیلئے کھرچک ڈور، دھاتی تار، نائلون، کیمیکل اور شیشہ لگی مانجھے کے استعمال اور خرید و فروخت پر مکمل پابندی عائد ہے

خلاف ورزی پر

3 سے 5 سال تک قید اور 20 لاکھ روپے جرمانے کی سزا

یاد رکھیں! تاحال پنجاب بھر میں پتنگ بازی پر پابندی عائد ہے

خلاف ورزی کی صورت میں مینوفیکچررز اور پتنگ بازی کرنے والے افراد کے خلاف کارروائی کی جائے گی

SPL-72

عمدہ اور لذیذ مٹھائیوں کا مرکز
جالندھر سویٹس اینڈ بیکرز
شاہی روڈ رحیم یار خان فون 068-5885900

طاہر
ماہر امراض جلد
ڈاکٹر حکیم حافظ محمد وسیم صادق
بی یو ایم ایس (پنجاب) آنریری میڈیکل (پاکستان)
ایف ایچ ایم ایس (پنجاب) آنریری میڈیکل (پاکستان)
ہومیو سٹور اینڈ ہسپتال
بانو بازار رحیم یار خان فون 068-5878320,5877170

رحیم یار خان: معروف بزنس مین چوہدری افضال جبار، جام شہزاد اور ڈاکٹر عمران اپنے وفد کے ہمراہ پروفیسر محمد افضل بیگ، محترمہ سائرہ فاطمہ اور منیر بلوچ ڈسٹرکٹ پریس کلب کی نومنتخب کابینہ کو مبارکباد اور گلدستے پیش کر رہے ہیں

رحیم یار خان: (ناٹ رپورٹر) ڈی ایس پی لیاقت پروفیشنل اور محمد خان و دیگر پولیس افسران اور اپنی اولاد کو سیکلین ایجنٹ مفت پروگرام کے تحت شجرکاری کا آغاز کرتے ہوئے

ڈی پی او عرفان علی سموں کی بہترین حکمت عملی

خطرناک ڈاکو آخر کار گھٹنے ٹیکنے پر مجبور ہو گئے ہیں: رانا جاوید خان

رحیم یار خان (سٹاف رپورٹر) کمیونٹی پولیسنگ ایسوسی ایشن کمیٹی برائے انڈسٹریل اسٹیٹ کمیٹی برائے انڈسٹری اینڈ بزنس مین کمیٹی، لیڈز لارڈ بیکری 85 بی پولیس لائن ایسوسی ایشن کے صدر رانا جاوید خان نے کہا ہے کہ ڈی پی او عرفان علی سموں کی قیادت میں ضلع بھر میں امن و امان کی صورتحال بہتر ہوئی ہے۔ ڈی پی او عرفان علی سموں کی قیادت میں ضلع بھر میں جرائم کی شرح میں نمایاں کمی آئی ہے۔ شہری اور تاجر برادری سکون کا سانس لے رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ڈی پی او عرفان علی سموں کی قیادت میں پولیس کا رویہ عوام دوست ہوا ہے۔ شہری بلا خوف اپنے مسائل لے کر پولیس کے پاس جا